حیسکو پریس ریلیز مورخہ 23.07.2026:

حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر بجلی چوری کے خلاف بڑا ایکشن، سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن گاڑی کھاتہ سب ڈویژن کے بیچ نمبر 18 میں دھوبی گھاٹ کے علاقے کا اچانک دورہ کیا جہاں بجلی چوری کے ایک بڑے کیس کا انکشاف ہو جس میں ملوث دو ملازمین فوری معطل۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر): حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی خصوصی ہدایات پر بجلی چوری کے خلاف جاری زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن نے گاڑی کھاتہ سب ڈویژن کے بیچ نمبر 18، دھوبی گھاٹ کے علاقے کا اچانک دورہ کیا، جہاں بجلی چوری کے ایک بڑے کیس کا انکشاف ہوا۔ دورے کے دوران معلوم ہوا کہ تقریباً 110 ایمپیئر بجلی کا لوڈ غیر قانونی طور پر ڈائریکٹ کنکشن کے ذریعے استعمال کیا جا رہا تھا۔ ایس ای عقیل نور میمن نے موقع پر ہی غیر قانونی کنکشن منقطع کروا دیا اور بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ابتدائی تحقیقات میں متعلقہ عملے کی غفلت اور مبینہ طور پر بجلی چوری میں معاونت سامنے آنے پر متعلقہ لائن مین سلیم قادری اور لائن سپرنٹنڈنٹ محمد اقبال کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا، جبکہ ان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق محکمانہ کارروائی بھی شروع کر دی گئی ہے۔ اس موقع پر ایس ای عقیل نور میمن نے کہا کہ حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات کے مطابق بجلی چوروں اور ان کی سرپرستی کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی شخص یا ملازم کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی اور قومی ادارے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی چوری کے خاتمے، لائن لاسز میں کمی، ریکوری میں بہتری اور صارفین کو معیاری اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایسے اچانک معائنے اور چھاپوں کا سلسلہ آئندہ بھی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔